Roll No. | | | | | | |

Answer Sheet No. ______________

Sig. of Candidate: ________________

Sig. of Invigilator: ________________

# اُردو سَلِیس ایچ ایس ایس سی-I

## حصہ اوّل (کُل نمبر:20)

وقت: 25 منٹ

نوٹ: حصہ اوّل لازمی ہے اور صفحات 1-2 پر مشتمل ہے۔ اس کے جوابات پرچے پر ہی دیے جائیں گے۔ اس کو پہلے پچیس منٹ میں مکمل کر کے ناظم مرکز کے حوالے کر دیا جائے۔ کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں ہے۔ لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

**سوال نمبر1:** دیے گئے الفاظ یعنی الف / ب / ج / د میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ ہر جزو کا ایک نمبر ہے۔

(i) کس مصنف / شاعر کا پاؤں حادثے میں کاٹ دیا گیا؟

الف۔ اکبر الہٰ آبادی ب۔ شبلی نعمانی
ج۔ مولانا حالیؔ د۔ سر سیّد احمد خان

(ii) نظم ''حُبِ وطن'' ہیئت کے اعتبار سے کیا ہے؟

الف۔ مسدس ب۔ مخمس
ج۔ قطعہ د۔ مثنوی

(iii) محمد حسین آزاد نے کب وفات پائی؟

الف۔ 1900ء ب۔ 1910ء
ج۔ 1915ء د۔ 1920ء

(iv) نظم ''آسمان اور تارے'' کس کی تحریر ہے؟

الف۔ مولوی محمد اسماعیل میرٹھی ب۔ نظیر اکبر آبادی
ج۔ ابوالاثر حفیظؔ جالندھری د۔ مولوی شفیع الدّین نیّر

(v) اردو زبان سمجھنے اور بولنے والوں کی تعداد کتنی ہے؟

الف۔ 40 کروڑ ب۔ 42 کروڑ
ج۔ 43 کروڑ د۔ 45 کروڑ

(vi) رسالہ ''ہمدرد'' کس نے جاری کیا؟

الف۔ مولوی عبدالحق ب۔ مولوی وحیدُ الدّین سلیم
ج۔ مولانا محمد علی جوہر د۔ مولانا عبدالماجد دریا آبادی

(vii) مگر حیف یہ نہ سمجھا کہ یہ ٹرین زندگی کی رفتار کی خبر دیتی ہے۔ اس جملے میں خط کشیدہ لفظ، حرف کی کون سی قسم ہے؟

الف۔ حرفِ نفرین ب۔ حرفِ تأسف
ج۔ حرفِ تحسین د۔ حرفِ تعجب

(viii) مغل بادشاہوں نے قریب کتنا عرصہ ہندوستان پر حکومت کی؟

الف۔ 300 سال ب۔ 400 سال
ج۔ 500 سال د۔ 700 سال

(ix) ''شکستِ ملت'' کون سا مرکب ہے؟

الف۔ مرکبِ توصیفی ب۔ مرکبِ عطفی
ج۔ مرکبِ اضافی د۔ مرکبِ جاری

(x) رُباعی کے کتنے مصرعے ہوتے ہیں؟

الف۔ چار ب۔ پانچ
ج۔ تین د۔ چھ

یہاں کچھ نہ لکھا جائے

---

(xi) " آگ بگولا ہونا " کا کیا مطلب ہے؟

الف۔ آگ بھڑکنا
ب۔ شدید غصہ میں ہونا
ج۔ بہت تیز دوڑنا
د۔ شعلے اُٹھنا

(xii) جس جملے میں فعل کا فاعل موجود ہو ، کون سا جملہ کہلاتا ہے؟

الف۔ فعل لازم
ب۔ فعل تام
ج۔ فعل متعدی
د۔ فعل ناقص

(xiii) ڈپٹی نذیر احمد کے بیٹے کا کیا نام تھا؟

الف۔ منیر
ب۔ شبیر
ج۔ امیر
د۔ بشیر

(xiv) مندرجہ ذیل حروف میں سے حرفِ شرط کی نشاندہی کریں۔

الف۔ اگر
ب۔ چنانچہ
ج۔ کہ
د۔ لہٰذا

(xv) "کلی کلی کھل کے ہوگئی تھی پھول پھول کُملا کے آج خاک ہوا" کس کا شعر ہے؟

الف۔ داغؔ دہلوی
ب۔ مولانا حالیؔ
ج۔ میر انیسؔ
د۔ اکبرؔ الہٰ آبادی

(xvi) " زرق برق " گرائمر کی رُو سے کیا ہے؟

الف۔ اسم معرفہ
ب۔ اسم حالیہ
ج۔ اسم صفت
د۔ اسم ذات

(xvii) پاکستان کو کس سے تشبیہ دی گئی ہے؟ (بحوالۂ سبق اسلامی کردار)

الف۔ شہد کی مکھیوں کے چھتے سے
ب۔ گھر سے
ج۔ باغ سے
د۔ جسم سے

(xviii) کھلے ہیں پھول لالے کے کہ انگارے دہکتے ہیں؟ اس مصرعہ میں وجہ ُشبہ کیا ہے؟

الف۔ لالے کے پھول
ب۔ انگارے
ج۔ پھول کا رنگ
د۔ پھول کا چمکنا

(xix) فرحت اللہ بیگ کی مولوی وحید الدین سلیم سے ملاقات کہاں ہوئی؟

الف۔ اورنگ آباد میں
ب۔ پانی پت میں
ج۔ دہلی میں
د۔ حیدر آباد میں

(xx) سبق " سب سے بڑا اسلامی شاعر " صفِ نثر کے اعتبار سے کیا ہے؟

الف۔ خاکہ
ب۔ مضمون
ج۔ افسانہ
د۔ آپ بیتی

---

برائے ممتحن : کُل نمبر: 20 حاصل کردہ نمبر: ______

# اُردو سلیس ایچ ایس ایس سی-I

وقت: 2:35 گھنٹے      کُل نمبر حصہ دوم اور سوم 80

نوٹ: حصہ دوم اور سوم کے سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پر دیں۔ ایکسٹرا شیٹ (Sheet-B) طلب کرنے پر مہیا کی جائے گی۔ آپ کے جوابات صاف اور واضح ہونے چاہئیں۔

## حصہ دوم (کُل نمبر 20)

سوال نمبر۲: درج ذیل اجزاء کے تین سے چار سطروں تک محدود جوابات لکھیں: (5x4=20)

(i) شبلی مرحوم نے خود کو تیمور کیوں کہا ہے؟

(ii) قرآن پاک کے بارے میں علاّمہ اقبالؔ کا کیا ایمان تھا؟

(یا)

ایران میں جاڑے کے موسم میں درختوں کا کیا حال ہوتا ہے؟

(iii) حمد اور مدح میں کیا فرق ہے؟

(iv) درج ذیل کے متضاد لکھیں:

مخالفت ، غرب ، قلت ، نیکوکار

(v) درج ذیل میں سے کوئی سے چار الفاظ محاورات کو جملوں میں اس طرح استعمال کریں کہ مطلب واضح ہو جائے:

کہرام ، ذوق ، ٹوٹ پڑنا ، سفاک ، بھونچکا سا رہ جانا

## حصہ سوم (کُل نمبر 60)

سوال نمبر۳: سبق اور مُصنّفُ کا حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے: (1+1+6=8)

الف۔ شہد کی مکھیوں کی زندگی کا مطالعہ کرو۔ شہد کا چھتّا ان کا وطن ہے۔ اس میں وہ ایک قوم بن کر رہتی ہیں، اپنے وطن کو محنت سے بناتی اور سنوارتی ہیں۔ بڑی تندہی سے بچوں کی پرورش کرتے ہیں، بہت سلیقے سے اپنے اپنے کام کو انجام دیتی ہیں اور جب کوئی ان کے وطن پر دست درازی کرتا ہے تو سب مل کر پوری طاقت سے اُس کا مقابلہ کرتی ہیں۔ ایک حقیر کیڑے میں ۔۔۔۔ وفاداری کا جذبہ ہو اور کوئی انسانی جماعت اس سے خالی ہو، تو اسے اشرف المخلوقات کیسے شمار کیا جائے گا۔

ب۔ مولوی صاحب کیا مرے! اُردو زبان کا ایک ستون گر گیا۔ اور ایسا ستون گرا کہ اس جیسا بننا تو کُجا، اس حصے میں اڑواڑ بھی لگانی مشکل ہے۔ ان کی جگہ بھرنے کے لیے دوسرے پروفیسروں کی تلاش ہو رہی ہے مگر عثمانیہ یونیورسٹی کے ارباب حل و عقد لکھ رکھیں کہ چاہے اِس سرے سے اُس سرے تک ہندوستان بھر میں چھان مارو۔ مولوی وحید الدّین سلیم صاحب جیسا پروفیسر ملنا تو بڑی بات، اُن کا پاسنگ بھی مل جائے تو بہت غنیمت ہے۔

سوال نمبر۴: کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے: (8)

الف۔
گر جیب میں زر نہیں تو راحت بھی نہیں
بازو میں سکت نہیں تو عزت بھی نہیں
گر علم نہیں تو زور و زر ہے بے کار
مذہب جو نہیں تو آدمیت بھی نہیں

ب۔
پہاڑوں سے بہایا اُس نے برفِ صاف پگھلا کر
رواں ہو کر وہی پانی، سمندر میں گرا جا کر
شمیمِ باغ نے سیکھا چلن اِترا کے چلنے کا
زمانہ آگیا ہے پردے سے سبزے کے نکلنے کا

سوال نمبر۵: اپنے چھوٹے بھائی کے نام خط لکھ کر اُسے موبائل فون کے بے جا استعمال کے نقصانات سے آگاہ کیجیے۔ (9)

(یا)

اپنے والد صاحب کو خط لکھ کر اپنے امتحان کی تیاری سے اُنھیں آگاہ کیجیے۔

سوال نمبر۶: اپنی کتاب سے پانچ زبانی یاد اشعار لکھیے۔ اس پرچہ میں درج اشعار نہ ہوں۔ (5)

سوال نمبر۷: دو طلبہ کے مابین ''پابندیٔ وقت'' کے موضوع پر مکالمہ تحریر کریں۔ (5)

سوال نمبر۸: درج ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے: (5)

(i) ایران کا جاڑا      (ii) اُردو کی کہانی

سوال نمبر۹: درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھیں جو 250 الفاظ سے کم نہ ہو: (20)

(i) میری پسندیدہ شخصیت      (ii) سائنس کے کرشمے

(iii) تعلیمِ نسواں      (iv) صبح کی سیر